© rasailojaraid.com



# مُرقع قادیانی پر تشحیذالاذہان کا ریویو

قادیاں سے ایک رسالہ تشحیذالاذہان ماہوار نکلتا ہے جسکا اڈیٹر مرزا صاحب قادیانی کا بیٹا ہے مضمون تو وہی والد کی کاسہ لیسی ہوتی ہے پس ناظرین اندازہ کرسکتے ہیں کہ ایسے رسالہ میں مرقع کے لئے کیسی عمدہ رائے نکلی ہوگی بہرحال وہ خود ملاحظہ فرمالیں:-

**یہ مرقع قادیانی پر ایک نظر** جو لوگ انبیاء علیہم السلام پر اعتراضات کرنے کے عادی ہوتے ہیں۔ اُن کو مخالفت کی ہی دہن لگی رہتی ہے۔ مولوی ثناء اللہ صاحب امرت سری نے چونکہ اس میں دنیاوی فائدہ بھی بہت دیکھا ہے۔ اس لئے روپیہ کمانے کا یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ وہ طرح طرح سے حضرت امام الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مخالفت میں پمفلٹ اور رسالے نکالتے ہیں اور اچھی خاصی قیمت لیکر روپیہ کماتے ہیں۔ چنانچہ اُنہوں نے حال ہی میں ایک ماہواری رسالہ مرقع قادیانی کے نام سے جاری کیا ہے جو سرتاپا حضرت مسیح موعود مہدی مسعود مجدد زمان علیہ السلام کی مخالفت سے لبریز ہے۔ اسکا پہلا اور دوسرا نمبر آج میری نظر سے گذرا۔ جس کے لچر اور لایعنی مضامین کو پڑھکر اس زمانہ کے علماء کی حالت پر بہت افسوس آتا ہے۔ افسوس یہ لوگ حضرت مسیح موعود پر اعتراض کرتے وقت انبیاء علیہم السلام کی عزت کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔ مولوی صاحب کے جس قدر اعتراضات ہیں سب ہی ایسے ہیں کہ وہ کفار عرب کیطرف سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ہوچکے ہیں۔ افسوس ہے کہ اس رسالہ میں کوئی بھی معقول بات نہیں "عیب کردن راہنری باید"

# احمد کی پیشگوئی طاعون کے متعلق

اس عنوان سے ایک مضمون قادیانی رسالہ ریویو میں نکلا ہے جس کے اخیر میں راقم کا نام نامہ نگار لکھا ہے۔ مگر طرز تحریر بتلا رہا ہے کہ اصل راقم خود بدولت مرزا صاحب ہی ہیں۔ اس مضمون میں سابقہ تمام مضامین سے بڑھکر اہل فریبی کی گئی ہے۔ پہلے

© rasailojaraid.com